# First Unit Test : AUGUST - 2023

**Std.: IX** **URDU** **M.Marks : 20**

1.(الف): درج ذیل درسی اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجیے۔ [07]

(1) ویب خاکہ مکمل کیجیے۔ (02)

حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ

- اسلام قبول کرنے سے پہلے کا نام..........................
- خاندان..........................
- پہلی ہجرت..........................
- ان کا شمار..........................

اسلام قبول کرنے سے پہلے حضرت عبدالرحمٰن کا نام عبد عمرو تھا مگر اسلام قبول کرنے کے بعد حضرت محمدؐ نے ان کا نام بدل کر عبدالرحمٰن رکھ دیا۔ وہ بنی زہرہ بن کلاب کے خاندان میں ۵۷۷ء میں پیدا ہوئے۔ بچپن ہی سے نہایت وجیہہ، دراز قد، مضبوط جسم والے اور پھرتیلے تھے۔ وہ ان آٹھ صحابہ میں سے ہیں جنھوں نے قبول اسلام میں پہل کی تھی۔ اسلام قبول کرنے سے پہلے بھی وہ شراب نوشی سے متنفر اور بت پرستی سے بیزار تھے۔ رسولِ اکرمؐ کی تعلیمات نے ان کے قلب وذہن کو ایسی جلا بخشی کہ ابتدائی دور ہی میں انھوں نے اسلام قبول کرلیا۔ حضرت عبدالرحمٰنؓ کا اسلام قبول کرنا تھا کہ مشرکین مکہ کے ظلم وستم کا وہ شکار ہوئے مگر صبر وتحمل کے ساتھ انھوں نے ساری تکلیفوں کو برداشت کیا، حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہجرت کا حکم نافذ ہوا۔ چنانچہ دیگر مسلمان ساتھیوں کے ساتھ حضرت عبدالرحمٰنؓ نے حبشہ کی طرف ہجرت کی۔ پھر مشرکینِ مکہ کے قبولِ اسلام کی غلط خبر سن کر تمام مسلمان جب حبشہ سے مکہ لوٹ آئے تو ان پر دوبارہ ظلم وستم ہونے لگا۔ تب حضورؐ کے حکم سے حضرت عبدالرحمٰنؓ نے مدینہ ہجرت کرلی۔ مدینہ پہنچ کر انھوں نے تجارت کا پیشہ اختیار کیا۔ شروع میں وہ بازار سے کچھ مال خریدتے اور اسے وہیں فروخت کر دیتے اور منافع کے پیسوں میں سے کچھ پس انداز کرتے، کچھ اپنی ذات پر خرچ کرتے۔ رفتہ رفتہ ان کی تجارت بڑھتی گئی اور ان کا شمار مدینے کے بڑے تاجروں میں ہونے لگا۔ تجارت میں اپنی ترقی دیکھ کر حضرت عبدالرحمٰنؓ خود حیران رہتے۔ ان کی تجارت دنیا کے تمام عیوب سے پاک تھی۔ حرام مال کا ایک ذرّہ بھی اس ملک التجار کے مال میں نہیں پایا جاتا۔ یہی وجہ تھی کہ جب حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف نے پچاس ہزار دینار اللہ کی راہ میں تقسیم کرنے کی وصیت کی تو حضرت عثمان غنیؓ

Wasim Khan Sir

نے خود مخیرّ و متموّل ہونے کے باوجود حضرت عبد الرحمٰنؓ کے مال میں سے اپنا حصہ یہ کہتے ہوئے طلب کیا کہ ''عبد الرحمٰنؓ کا مال حلال اور صاف ہے۔ اس کا ایک لقمہ بھی باعثِ برکت و عافیت ہے۔'' دولت کی ایسی فراوانی اور صالح زندگی کے باوجود حضرت عبد الرحمٰنؓ پر ہمیشہ خدا کا خوف طاری رہتا اور ان کی زبان سے کبھی ایسے الفاظ بھی ادا ہو جاتے کہ ''مجھے خدشہ ہے کہ کہیں ہماری نیکیوں کا بدلہ ہمیں دنیا ہی میں نہ دے دیا جائے۔''

(2) حضرت عبد الرحمٰنؓ تجارت میں اپنی خود کی ترقی دیکھ کر کیوں حیران رہتے؟ (02)

(3) ''مجھے خدشہ ہے کہ کہیں ہماری نیکیوں کا بدلہ ہمیں دنیا میں ہی نہ دے دیا جائے۔'' (03)
حضرت عبد الرحمٰنؓ کی زبان سے ادا ہونے والے ان الفاظ کے تعلق سے اپنی رائے ظاہر کیجیے۔

**.2 : درج ذیل نظم کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجیے۔** [06]

(1) درج ذیل چوکون مکمل کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| (i) مورکھ | ← | |
| (ii) جیون | ← | |
| (iii) دھیان کا روپ ہے نیارا | ← | |
| (iv) داتا دے دے | ← | |

داتا ، دے دے گیان
ہمارا من مورکھ ، نادان
جیون کام کی بہتی دھارا جیون دھیان کا روپ ہے نیارا
اس کی کیا پہچان
ہمارا من مورکھ ، نادان
جیون کی گنگا ہے گہری رنگ کئی ہیں ، بات اکہری

Wasim Khan Sir

دیکھ کے دل حیران

ہمارا من مورکھ ، نادان

جب بھی مدھر بین کوئی بولے بے بس دل سنتے ہی ڈولے

بھید کا کس کو گیان

ہمارا من مورکھ ، نادان

ناچ گیت اک رات کے ساتھی سب ہیں سکھ کی بات کے ساتھی

سنگت کے سامان

ہمارا من مورکھ ، نادان

گیان دھیان کی راہ نہ سوجھے ایک پہیلی ، کیسے بوجھے

بوجھ بوجھ ہلکان

ہمارا من مورکھ ، نادان

(2) ''گیان دھیان کی راہ نہ سوجھے'' اس مصرعے کی وضاحت کیجیے۔ (02)

(3) ناچ گیت اک رات کے ساتھی سب ہیں سکھ کی بات کے ساتھی

اس شعر میں معنی و مطلب کا جو حسن پوشیدہ ہے اسے واضح کیجیے۔ (02)

3.(الف) : **قواعد :ہدایات کے مطابق سرگرمیاں مکمل کیجیے۔** [07]

(1) درج ذیل محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے کہ ان کے مفہوم واضح ہو جائیں۔(کوئی دو) (02)

(i) پہاڑ معلوم ہونا (ii) انتخاب کرنا (iii) کلیجا کانپنا

(2) درج ذیل شعر کی صفت کا نام لکھ کر صنعت کی تعریف لکھیے۔ (02)

آج تک تجھ کو دیکھا تو یقین تک دیکھا اب تمنّا ہے کہ تجھ کو میں گماں تک دیکھوں

(ب) : ہدایات کے مطابق سرگرمیاں مکمل کیجیے۔

(1) حمد کی تعریف لکھیے۔ (01)

(2) ذیل کے الفاظ کی ضد لکھیے۔ (01)

(i) دوست (ii) سچ

(3) درج ذیل الفاظ کو لغوی ترتیب میں لکھیے۔ (01)

دریا ، موج ، نور ، شب

******

Wasim Khan Sir

# First Unit Test : AUGUST - 2023

**Std.: IX** **ENGLISH** **M.Marks : 20**

**1. : Language Study. (Do as directed)** **(05)**

(1) Complete the following words by using correct letters : (2)

(i) I___ age (ii) G__ld (iii) st___ry (iv) w___alth

(2) Write words related to the following words. (1)

[ ] ← book → [ ]

(3) Put the following words in an alphabetical order. (1)

Teacher , Copy , Student , Pen

(4) Make two words (minimum of 3 letters each) using the letters in the given word. (1)

" Employment "

**2. (A) : Read the following passage and do the activities:** **(10)**

A1. Complete the web : (02)

Margie's description of the Book → [ ] , [ ]

Margie even wrote about it that night in her diary. On the page headed 17 May 2157, she wrote, 'Today Tommy found a real book!' It was a very old book. Margie's grandfather once said that when he was a little boy his grandfather told him that there was a time when all stories were printed on paper. They turned the pages, which were yellow and crinkly, and it was awfully funny to read words that stood still instead of moving the way they were supposed to - on a screen, you know. And then when they turned back to the page before, it had the same words on it that it had when they read it the first time. "Gee," said Tommy, "what a waste ! When you're through with the book, you just throw it away, I guess. Our television screen must have had a million books on it and it's good for plenty more. I wouldn't throw it away."

A2. Fill in the blanks. (02)

(1) The incident in the story has take place on ................

(2) Their television screen must have had ..............

(3) Margies great grand father told that in old times all stories ..........

(4) According to Margie 'a real book' means ...................

A3. Identify noun, pronoun and verb from given below. (02)

(1) Tommy found a real book.

(2) It was very old book.

A4. Write the following using complete words instead of contracted forms. (02)

(1) ............... When you're through.

(2) ................ and it's good for plenty more.

A5. Which type of story/book do you like to read? Why? (02)

**(B) : Read the following stanza and do the activity. (05)**

B1. Put the words given in brackets. (02)

(1) The ................ is talking to its father (father / child)

(2) The ................ is leading and the child is following. (father / child)

| | |
|---|---|
| 'Walk a little slower, Daddy,'<br>Said a little child so small.<br>'I'm following in your footsteps<br>And I don't want to fall. | 'Sometimes your steps are very fast,<br>Sometimes they are hard to see;<br>So, walk a little slower, Daddy,<br>For you are leading me.' |

B2. What would happen if the child tried to walk fast? Why? (02)

B3. Write the rhyming words from the extract. (01)

(a) ........................... (b) ........................

******

Wasim Khan Sir

**First Unit Test : AUGUST - 2023**

**Std.: IX** **MARATHI** **M.Marks : 10**

कृति ः 1. पुढील उताऱ्याच्या आधारे दिलेल्या सूचनांनुसार कृती कराः (06)

(1) चौकटी पूर्ण करा. (02)

(i) दादू सकाळी डबा आणायला इथे गेला → [ ]

(ii) रविवार सकाळी दादू इथे गेला → [ ]

(iii) बाहेरगावी सामना ठरला तो महीना → [ ]

(iv) लेखकांच्या मित्राचे नाव → [ ]

एका रविवारी दादूची स्वारी क्रिकेटच्या मैदानावर दिसली, तेव्हा तर मी थक्कच झालो. रात्री मी त्याला विचारले, तेव्हा म्हातारा लाजेने अगदी चूर झाला; पण थोड्या वेळाने त्याने ते कारण सांगितले. आदल्या दिवशी मी फार चांगला खेळलो होतो. दादू सकाळी खाणावळीत डबा आणायला गेला, तेव्हा तिथल्या विद्यार्थ्यांत माझ्या पराक्रमाच्याच गोष्टी चालल्या होत्या. त्या ऐकून दादूला वाटले, आपल्या साहेबांच्या खेळाची सारे लोक इतकी स्तुती करतात तेव्हा आपणही तो पाहावा.

सप्टेंबरच्या शेवटच्या आठवड्यात बाहेरगावी एक सामना ठरला. जहागीरदार नावाचा माझ्याच कॉलेजातला एक मित्र आमचा कप्तान होता. माझी फलंदाजी नि त्याची गोलंदाजी. असा धुव्वा उडवला आम्ही दुसऱ्या बाजूचा!

परत येताना मी जहागीरदारच्या गाडीमध्ये बसलो. गाडी हाकणे आणि सामन्याच्या गप्पा मारणे या दोन गोष्टींपैकी अधिक बेफामपणे तो कोणती गोष्ट करत होता, हे सांगणे फार कठीण होते.

खेळताना मनुष्याला भान नसते. त्यामुळे खेळाच्या श्रमाने माझे अंग किती आंबून गेले आहे, याची कल्पना गाडीत बसेपर्यंत मला आली नाही, मग मात्र अंग ठणकू लागले.

(2) आकृती पूर्ण करा. (01)

लखकांचा मित्राच्या बेफाम गोष्टी → [ ] , [ ]

Wasim Khan Sir

(3) 'लोकवस्तीत मैदाने आवश्यक आहेत', यांवर तुमचे मत मांडा. (03)

**कृति : 2. पुढील कवितेच्या आधोर सुचनांनुसार कृती करा :** **(02)**

अनाथांचा नाथ कृपावंत देवा ।
घडो तुमची सेवा अहर्निशीं ।।१।।
अठ्ठाविस युगें विटेवरी उभा ।
वामभागीं शोभा रुक्मादेवी ।।२।।
पतित पावन गाजे ब्रीदावळी ।
पुरवावी आळी हीच माझी ।।३।।
उभा विटेवरी ठेवोनी चरण ।
म्हणतसे बहिण चोखियाची ।।४।।

(1) आकृतिबंध पूर्ण करा. (02)

(i) संत निर्मळा यांचे परमेश्वराकडे मागणे
↓
..........................

(ii) संत निर्मळा यांचे परमेश्वराकडे केलेला हट्ट
↓
..........................

**कृतिः 3. व्याकरण**

(1) लिंग बदला. (01)

(i) शिक्षक - ........................ (ii) मुलगा - ........................

(2) न्यूटन मोठा वैज्ञानिक म्हणून नाव मिळवील. (काळ ओळखा) (01)

******

Wasim Khan Sir

# First Unit Test : AUGUST - 2023

**Std.: IX** **Mathematics - I** **M.Marks : 20**

1. : مندرجہ ذیل سوالات حل کیجیے۔ (04)

(1) درج ذیل سیٹ فہرستی طریقے سے لکھیے۔ 1 سے 20 کے درمیان جفت مفرد اعداد کا سیٹ

(2) صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے:

$M=\{1,3,5\}$ , $N=\{2,4,6\}$ ; (a) $M \cap N = ?$ اور (b) $M \cup N = ?$

(a) $\{1,2,3,4,5,6\}$ (b) $\{1,3,5\}$ (c) $\phi$ (d) $\{2,4,6\}$

(3) ذیل میں دیے ہوئے اعداد کے درمیان کے کوئی بھی دو ناطق اعداد لکھیے۔ 0.3 اور 0.5

(4) مطلق قیمت معلوم کیجیے۔ $|15|$

2. : مندرجہ ذیل سوالات حل کیجیے: (کوئی تین) (06)

(1) $A=\{1,3,2,7\}$ ہو تو سیٹ A کے کوئی بھی چار ضمنی سیٹ لکھیے۔

(2) ناطق عدد 0.6 کو $\frac{p}{q}$ کی صورت میں لکھیے۔


(3) $\sqrt{5}$ کو عددی خط پر دکھائیے۔

(4) $\frac{3}{\sqrt{5}}$ نسب نما کو ناطق بنائیے۔

3. : مندرجہ ذیل سوالات حل کیجیے: (کوئی دو) (06)

(1) مختصر کیجیے: $9\sqrt{5} - 4\sqrt{5} + \sqrt{125}$

(2) اگر $n(A) = 15$ , $n(A \cup B) = 29$ , $n(A \cap B) = 7$ ہو تو $n(B)$ کتنا ہوگا؟




(3) وین خاکہ کی مدد سے مندرجہ ذیل سیٹ لکھیے۔

(i) $A$ (ii) $B$

(iii) $A \cup B$

**4. : مندرجہ ذیل سوالات حل کیجیے: (کوئی ایک)** **(04)**

(1) پارتھ نے درخت لگاؤ ہفتہ میں 70 درخت لگایا جب کہ پربھا نے 90 درخت لگایا۔ ان دونوں نے مل کر 25 درخت لگائے، پارتھ یا پربھا نے کل کتنے درخت لگائے۔

(2) ناطق عدد $\frac{23}{7}$ کو کسر اعشاریہ کی صورت میں لکھیے۔

*******

Wasim Khan Sir

# First Unit Test : AUGUST - 2023

**Std.: IX** **Mathematics - II** **M.Marks : 20**

.1 : ذیل کے کثیر متبادل سوالوں کے جواب میں سے صحیح متبادل منتخب کیجیے۔ (04)

(1) تین مختلف نقاط کو شامل کرنے والے کتنے خطوط ہوتے ہیں؟

(a) چھے (b) ایک یا تین (c) تین (d) دو

(2) $\Delta ABC$ میں $\angle A = 76°$, $\angle B = 48°$ ہو تو .................... $\therefore \angle C =$

(a) $28°$ (b) $124°$ (c) $56°$ (d) $66°$

(3) اگر $P - Q - R$ ، $d(P,Q) = 2$ ، $d(P,R) = 10$ ہو تو .................... $\therefore d(Q,R) =$

(a) 12 (b) 8 (c) $\sqrt{96}$ (d) 20


(4) دو خطوط کو ایک تقاطع سے قطع کرتے ہیں تو .................... زاویے بنتے ہیں۔

(a) 2 (b) 4 (c) 8 (d) 16

.2 : مندرجہ ذیل سوالات حل کیجیے: (کوئی تین) (06)

(1) نقطہ A کا محدّد $x$ اور نقطہ B کا محدّد $y$ ہو تو $d(A, B)$ معلوم کیجیے۔


$x = 1, y = 7$




(2) شکل میں خط $p$ || خط $q$ اور خط $l$ اور خط $m$ خطِ تقاطع ہیں۔

شکل کی معلومات کی بناء پر معلوم کیجیے۔

(i) $\angle a$ (ii) $\angle b$




(3) اگر شعاع DE || شعاع BA،

$\angle D = 100°$ اور $\angle C = 50°$ ہو تو

$\angle ABC$ کی پیائش معلوم کیجیے۔


(ہدایت: نقطہ C سے خط AB کے متوازی خط کھینچیے)

Wasim Khan Sir

(4) نقطہ $M$، قطعہ $AB$ کا وسطی نقطہ ہے اور $AB = 8$ ہو تو ? = $l(AM)$

.3 : درج ذیل خاکے پر کیجیے۔ (06)

(1)





(a) نقطہ B سے ہم فاصلہ واقع نقاط $\square$ اور $\square$ ہیں۔

(b) $d(P, C) =$ بڑا عدد $- \square$

$= \square - \square$

$= \square$

(2) دو متوازی خطوط کو ایک تقاطع قطع کرتا ہے تو بننے والے متبادلہ زاویوں کی جوڑی کے زاویوں کی پیمائش مساوی ہوتی ہے۔




دیا ہوا ہے۔ خط $m$ || خط $\ell$ ، خط $n$ تقاطع ہے۔

ثابت کرنا ہے۔ $\angle d = \angle b$

ثبوت : $\angle d + \angle c = \square$ ........(I)

$\angle c + \angle b = \square$ ........(II)

$\angle d + \square = \square + \angle b$

$\therefore \square = \square$

.4 : کوئی ایک سوال حل کیجیے۔ (04)

(1) ذیل کے بیانات 'اگر۔تب' کی صورت میں لکھیے۔

(i) متوازی الاضلاع کے مقابل کے زاویے متماثل ہوتے ہیں۔

(ii) مستطیل کے وتر متماثل ہوتے ہیں۔

(2) ثابت کیجیے کہ "کسی بھی مثلث کے تمام زاویوں کا مجموعہ 180° ہوتا ہے۔"

Wasim Khan Sir

# First Unit Test : AUGUST - 2023

**Std.: IX** **History & Pol. Sci.** **M.Marks : 20**

Wasim Khan Sir

1.(الف): ذیل میں سے مناسب متبادل چن کر بیان کو دوبارہ لکھیے۔ (02)

(1) ............................... سری لنکا کی تمل اقلیتوں کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے پہل کرنے والے وزیر اعظم تھے۔

(a) پی وی نرسمہاراؤ (b) محترمہ اندرا گاندھی

(c) ایچ ڈی دیوے گوڑا (d) راجیو گاندھی


(2) بھارت کا قومی آرکائیو............................... میں ہے۔

(a) پونہ (b) کولکاتا (c) نئی دہلی (d) حیدر آباد

(ب): مندرجہ ذیل میں سے غلط جوڑی پہچان کر لکھیے۔ (01)

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) | اندرا گاندھی | - | ایمر جنسی |
| (2) | راجیو گاندھی | - | سائنس-ٹکنالوجی میں اصلاحات |
| (3) | چندر شیکھر | - | منڈل کمیشن |
| (4) | پی وی نرسمہاراؤ | - | معاشی اصلاحات |

2.(الف): درج ذیل تصوراتی خاکہ مکمل کیجیے۔ (02)




(ب): مندرجہ ذیل کی وضاحت کیجیے: (کوئی ایک) (02)

(1) فرقہ پرستی (2) تحریری ماخذ

3.(الف): درج ذیل بیانات کی وجوہات کے ساتھ وضاحت کیجیے: (کوئی دو) (04)

(1) مرارجی دیسائی کی حکومت قلیل مدتی حکومت تھی۔

(2) 'آپریشن بلو اسٹار' انجام دینا پڑا۔

(3) ڈاک کا محکمہ ڈاک ٹکٹوں کے ذریعے بھارتی ثقافت کا ورثہ اور یکجہتی کے تحفظ کی کوشش کرتا ہے۔

(ب): درج ذیل سوالوں کے مفصل جواب لکھیے۔ (کوئی ایک) (03)

(1) اندرا گاندھی کے دور حکومت میں ملک میں کون سے اہم واقعات رونما ہوئے؟

(2) علاقائیت کے کون سے برے اثرات ہوتے ہیں؟

4. : ذیل میں سے مناسب متبادل چن کر بیان مکمل کیجیے۔ (02)

(1) سرد جنگ کا خاتمہ.................... کی وجہ سے ہوا۔

(a) اقوام متحدہ کے قیام (b) فوجی تنظیموں کے قیام

(c) سویت یونین کا انتشار (d) کیوبا کی جدوجہد

(2) بھارت نے ۱۹۷۴ء میں.................... کے مقام پر جوہری تجربہ کیا۔

(a) سری ہری کوٹا (b) پوکھرن (c) تھمبا (d) جیتاپور

5. : درج ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط، وجوہات کے ساتھ بیان کیجیے: (کوئی ایک) (02)

(1) اٹل بہاری واجپائی نے پاکستان کے ساتھ تعلقات میں بہتری کے لیے پہل کی۔

(2) میخائل گورباچوف کی پالیسیوں کی وجہ سے جمہوریت کو فروغ حاصل ہوا۔

6. : مندرجہ ذیل اصطلاحات کی وضاحت کیجیے: (کوئی ایک) (02)

(1) باہمی انحصار (2) عالمی امن

******

## First Unit Test : AUGUST - 2023

**Std.: IX** **GEOGRAPHY** **M.Marks : 20**

1. : ذیل میں سے مناسب متبادل چن کر بیان کو مکمل کیجیے۔ (04)

(1) ڈیلٹائی علاقے .................... نوعیت کی زمینی شکلیں ہیں۔

(a) ابتدائی (b) ثانوی (c) ثلاثی

(2) .................... پہاڑ لہریے دار پہاڑ ہے۔

(a) ست پڑا (b) ہمالیہ (c) مغربی گھاٹ

(3) ست ہلچل ایک دوسرے کے مخالف سمت میں حرکت کرتی ہے تو وہاں .................... ہوتا ہے۔

(a) تناؤ (b) دباؤ (c) پہاڑ

(4) مساوی قدر والے خطوط قریب قریب ہوں تو عوامل کی تبدیلی .................... ہوتی ہے۔

(a) دھیمی (b) یکساں (c) تیز

2. : ستون 'الف' کی ستون 'ب' کے ساتھ جوڑیاں لگائیے۔ (02)

| ستون 'الف' | ستون 'ب' |
|---|---|
| (1) چٹانوں کا ٹوٹنا | (a) کیمیائی فرسودگی |
| (2) کریدنے والے جانور | (b) طبعی فرسودگی |
| | (c) حیاتیاتی فرسودگی |

Wasim Khan Sir

3. : درج ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط وجوہات کے ساتھ لکھیے۔(کوئی دو) (04)

(1) آبادی کی تقسیم ظاہر کرنے کے لیے مساوی قدر والے نقشے کا استعمال ہوتا ہے۔

(2) زلزلے پر آب وہوا کے اثرات ہوتے ہیں۔

(3) پرت ریزی سے جامبھا چٹانیں تیار ہوتی ہیں۔

4. : درج ذیل بیانات کی جغرافیائی وجوہات لکھیے۔(کوئی دو) (06)

(1) کیمیائی فرسودگی میں پانی کا کردار اہم ہوتا ہے۔

(2) اکثر زندہ آتش فشاں براعظمی پلیٹوں کی سرحد پر نظر آتے ہیں۔

(3) آبادی یا کسی جغرافیائی عامل کے گنجان پن کو بتانے کے لیے سایہ والے نقشے مفید ہوتے ہیں۔

5. : درج ذیل سوالوں کے مفصل جواب لکھیے۔(کوئی ایک) (04)

(1) شگاف وادی کیسے وجود میں آتی ہے؟ شکل بنا کر وضاحت کیجیے۔

(2) درجہ بندی کرنے والے نقشوں کا استعمال اور اس کی قسمیں واضح کیجیے۔

******

Wasim Khan Sir